روزنامہ حقیقت ٹائمس مظفرپور
Urdu Daily Muzaffarpur اردو دینک، مظفرپور
HAKIKAT TIMES हकीकत टाइम्स

HAKIKAT TIMES
URDU DAILY MUZAFFARPUR
روزنامہ حقیقت ٹائمس مظفرپور

## مہاراشٹرا، سیاسی تبدیلی کا آغاز

میں جانتا ہوں تمہارا سوال کیا ہوگا
سحر کے بعد چراغوں کا حال کیا ہوگا

مہاراشٹرا میں سیاسی تبدیلیاں تیزی کے ساتھ رونما ہو رہی ہیں اور یہ یقین سے کہا جانے لگا ہے کہ مہاراشٹرا اور خاص طور پر ممبئی میں ہونے والے میونسپل انتخابات میں ان تبدیلیوں کا اثر دیکھنے کو ملے گا۔ مہاراشٹرا اسمبلی انتخابات کے جو نتائج تھے وہ کئی حلقوں اور گوشوں کیلئے توقع کے برخلاف تھے۔ خاص طور پر شیوسینا ادھو ٹھاکرے گروپ کے ان نتائج سے حوصلے پست ہونے لگے تھے۔ تاہم لگاتار جدوجہد کے ذریعہ حالات کو بدلنے کیلئے ادھو ٹھاکرے نے سیاسی سمجھ بوجھ کے ساتھ کوششوں کا آغاز کیا تھا اور ایسا تاثر مل رہا ہے اس کے ابتدائی نتائج اب دستیاب ہونے لگے ہیں۔ مہاراشٹرا کے اسکولوں میں سہ لسانی پالیسی نافذ کرنے کا فڑنویس حکومت نے اعلان کیا تھا۔ اس کیلئے کوششیں بھی شروع کردی گئی تھیں تاہم شیوسینا ادھو ٹھاکرے اور راج ٹھاکرے کی مہاراشٹرا نونرمان سینا نے اس کی مخالفت کی اور کہا تھا کہ مراٹھی ریاست پر ہندی کو مسلط کیا جا رہا ہے۔ ہندی مسلط کرنے کی کوششوں کے خلاف جنوبی ریاستوں میں بھی ناراضگی کا اظہار کیا جا رہا ہے۔ حکومت ٹاملناڈو نے بھی مرکز کی کوششوں کے خلاف جدوجہد کا اعلان کیا تھا۔ مہاراشٹرا میں شیوسینا ادھو ٹھاکرے اور ایم این ایس دونوں نے ہی اس پالیسی کے خلاف جدوجہد کا اعلان کیا تھا اور اس کے خلاف احتجاجی ریلیوں کا بھی اعلان کردیا گیا تھا۔ دونوں جماعتوں کی الگ الگ تواریخ میں ریلی نکالی جانے والی تھی۔ دونوں جماعتوں کا الزام تھا کہ مہاراشٹرا حکومت مرکز کے اشاروں پر مراٹھی کو ختم کرتے ہوئے ہندی مسلط کرنا چاہتی ہے۔ اس کیلئے عوامی ریلیوں کا اعلان بھی کردیا گیا تھا۔ یہ اعلان ایسے وقت میں کیا گیا تھا جبکہ مہاراشٹرا میں ٹھاکرے برادران میں اتحاد کی بھی کوششیں ہو رہی تھیں۔ دونوں جماعتوں کے مابین انتخابی مفاہمت کی کوششیں تیز ہوگئی تھیں۔ اس کے امکانی اثرات کو محسوس کرتے ہوئے حکومت مہاراشٹرا نے سہ لسانی پالیسی پر عمل کو روک دینے کا فیصلہ کیا ہے اور یہ اعلان کیا گیا ہے کہ ماہرین کی ایک کمیٹی تشکیل دی جائے گی جو تفصیلی جائزہ لینے کے بعد اس تعلق سے رپورٹ پیش کرے گی۔

مہاراشٹرا حکومت نے ٹھاکرے برادران کے امکانی اتحاد اور ان کے مراٹھی کیلئے احتجاج کے امکانی اثرات کو محسوس کرتے ہوئے ہندی کے تسلط کو روکنے کا فیصلہ کرلیا اور اس کا اعلان بھی کردیا گیا تھا۔ اب مہاراشٹرا میں ایک اور تبدیلی ہوئی ہے۔ حکومت کی جانب سے سہ لسانی پالیسی پر عمل کو روکنے پر شیوسینا ادھو ٹھاکرے اور ایم این ایس نے کامیابی کی ریلی نکالنے کا اعلان کردیا ہے۔ اس اعلان کی خاص بات یہ ہے کہ اب دونوں جماعتوں کی جانب سے مشترکہ طور پر ایک ہی ریلی نکالی جائے گی جو 5 جولائی کو ہوگی۔ کامیابی کے اس جشن کی خاص بات یہ ہوگی کہ ادھو ٹھاکرے اور راج ٹھاکرے دونوں ہی ایک اسٹیج پر ہونگے۔ کسی سیاسی اسٹیج پر دونوں ٹھاکرے بھائیوں کی موجودگی ریاست کی سیاست میں تبدیلی کی علامت سمجھی جا رہی ہے اور اس سے یہ بھی اشارے مل رہے ہیں کہ دونوں جماعتوں میں سیاسی مفاہمت اور اتحاد تقریبا طئے ہوچکا ہے اور اس کا مناسب وقت پر باضابطہ اعلان کردیا جائیگا۔ تاہم وکٹری ریلی میں ایک ہی اسٹیج پر دونوں بھائیوں کی آمد سے ریاست کے عوام کو اتحاد کا ایک پیام ضرور مل جائے گا۔ دونوں جماعتوں کی جانب سے احتجاج کے اعلان نے ہی حکومت مہاراشٹرا کو اپنے قدم واپس لینے پر مجبور کیا تھا اور اس سے ادھو ٹھاکرے اور راج ٹھاکرے دونوں کے حوصلے بلند ہوئے ہیں اور اب انہوں نے مشترکہ وکٹری ریلی کا اعلان کردیا ہے۔ اس سے مہاراشٹرا کی سیاست میں تبدیلی کے اشارے بہت واضح ہوگئے ہیں۔ ایم این ایس اور شیوسینا ادھو ٹھاکرے کا باضابطہ اتحاد ہوجاتا ہے تو اس سے مراٹھا عوام کے حوصلے بھی بلند ہونگے اور وہ بھی ان دونوں جماعتوں کے پرچم تلے ایک ہوسکتے ہیں۔ عوام میں یہ پیام تو ضرور پہونچ چکا ہے کہ دونوں کے امکانی اتحاد کی طاقت کو دیکھتے ہوئے ہی مہاراشٹرا حکومت نے سہ لسانی پالیسی پر عمل کو معطل کردیا ہے۔ اسی طرح حکومت کے خلاف جدوجہد کیلئے دونوں جماعتوں کا ایک پلیٹ فارم پر جمع ہوجانا عوام کی سوچ میں بھی تبدیلی پیدا کرسکتا ہے۔ یہ تبدیلی صرف عوام تک محدود نہیں رہے گی بلکہ اس کے سیاسی قائدین اور کارکنوں پر بھی اثرات مرتب ہونگے اور وہ بھی تبدیلی کا حصہ بن سکتے ہیں۔

# مرکزی حکومت کو رواں سال میں کیا کرنا ہوگا

ڈیرک او برین

نئے سال کی آمد ہوچکی ہے، مودی حکومت میں 2014 سے جو کچھ ہو رہا ہے اس کا سلسلہ جاری ہے، مودی حکومت اور اس کے حامی یہی دعوے کررہے ہیں کہ نریندر مودی کی قیادت میں ملک ترقی کی راہ پر گامزن ہے اور ملک کی معاشی حالت مستحکم ہے (انگریزی کے موقر روزنامہ 'دی ہندو' میں شائع ایک رپورٹ کے مطابق ہمارے وطنِ عزیز ہندوستان پر بیرونی قرض کا بوجھ 711 ارب ڈالرس سے تجاوز کرگیا ہے)۔ بہرحال جب جولیس سیزر (یہ دنیا کا پہلا جرنیل بادشاہ تھا جس کو اس کے اپنے ساتھیوں نے قتل کیا جب اس نے قاتلوں میں اپنے ساتھی بروش کو دیکھا تو اسے بہت غم ہوا، اور یہ کہتے ہوئے جان دے دی کہ بروش تم بھی! پھر تو سیزر کو ضرور مرجانا چاہیئے۔ واضح رہے کہ سیزر کو قتل کرکے قاتلوں نے اس کے خون میں ہاتھ دھوئے اور آزادی کے نعرے لگائے) کی سنپسٹ نے یکم جنوری کو سال کا پہلا دن مقرر کیا تب اس کے پیچھے جو آئیڈیا کارفرما تھا نہ صرف ایک نئی شروعات کرنا تھا بلکہ ذمہ دار عہدہ داروں میں ان کی ذمہ داریوں کے تئیں احساس پیدا کرنا بھی تھا تاکہ وہ اپنی ذمہ داریوں کو بخوبی انجام دے سکیں۔ اور 45 قبلِ مسیح سے ہی یہ روایات چلی آرہی ہے۔ آیئے! دیکھتے ہیں کہ ہمارے ملک کی موجودہ مخلوط حکومت جو نریندر مودی کی زیر قیادت کام کررہی ہے اُسے نئے سال 2025 میں ملک اور عوام کی ترقی وخوشحالی کیلئے کیا کام کرنا چاہیئے اس مخلوط حکومت کی جو ترجیحات کی فہرست ہے اس میں سرِفہرست 25 اقدامات ہونے چاہیئے۔ ہمارے ملک میں اگر دیکھا جائے تو پچھلے دس برسوں سے مہنگائی میں بے تحاشہ اضافہ ہوا ہے جس سے عوام بالخصوص غریب شہری بہت زیادہ متاثر ہوئے ہیں' یہ مہنگائی ان کیلئے ناقابلِ برداشت ہے۔ اس طرح عام آدمی سے لیکر متوسط طبقہ بھی مہنگائی کے بوجھ تلے دبا ہوا ہے ایسے میں مودی حکومت کو سال 2025 میں سب سے پہلے عام مہنگائی پر قابو پانا ہوگا، مہنگائی پر کنٹرول کرنا ہوگا۔ ملک میں بڑھتے افراط زر کا جائزہ لیں تو پتہ چلتا ہے کہ ریٹیل افراط زر 21.6 فیصد تک پہنچ گئی جو گذشتہ 14 ماہ میں سب سے زیادہ ہے جبکہ گھرانوں یا خاندانوں کی بچت میں بہت زیادہ کمی آئی ہے جس کے بارے میں کہا جارہا ہے کہ یہ گراوٹ پچھلے 50 برسوں میں سب سے زیادہ ہے۔ ویسے بھی خواتین پہلے اشیائے ضروریہ کے بشمول مختلف اشیاء کی خریداری کے دوران کافی بچت کرلیا کرتی تھیں لیکن گذشتہ دس برسوں میں وہ بچت کرنے سے قاصر ہیں اس کی وجہ مہنگائی میں اضافہ ہے۔ مہنگائی اس قدر بڑھ گئی ہے کہ عام آدمی سبزیاں خریدنے سے بھی قاصر ہے۔ مودی حکومت کیلئے دوسرا اہم کام یہ ہوگا کہ وہ جی ڈی پی کو بڑھائے کیونکہ ریزرو بینک آف انڈیا نے 2024 میں جی ڈی پی کی شرح نمو کا تخمینہ 2.7 فیصد تا 6.6 فیصد کیا تھا (ڈسمبر 2024 میں) آپ کو یہ بھی بتادیں کہ Repo Rate میں مسلسل گیارہ مرتبہ کٹوتی نہیں کی گئی۔ مودی حکومت کیلئے بیرونی راست سرمایہ کاری کیلئے راغب کرنا بھی ضروری ہے کیونکہ مالی سال 2022-23 اور 2023-24 کے درمیان بیرونی راست سرمایہ کاری میں 13 ہزار کروڑ (1.6 ارب ڈالرس) کی کمی آئی۔ مرکزی حکومت کیلئے چوتھا اہم کام روپیہ کی قدر کو مستحکم بنانا ہے۔ ڈسمبر 2024 میں روپیہ مسلسل تیسرے راست سیشن میں بھی کمزور رہا، اب ڈالر کے مقابل روپئے کی قدر 85.27 ہوگئی یعنی ایک امریکی ڈالر 85.27 روپئے کے برابر ہوگیا ہے۔ ملک کے نوجوانوں میں بیروزگاری کی شرح پچھلے دو برسوں سے 10٪ ہے۔ اکنامک سروے کے مطابق گریجویشن کی تکمیل کرنے کے بعد 80 فیصد نوجوانوں کو ملازمت دینے کیلئے کوئی تیار نہیں ہے یعنی 50 فیصد گریجویٹس روزگار کے مواقع حاصل کرنے سے قاصر ہیں۔ ملک کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنے کیلئے عام آدمی کی مدد کرنی چاہیئے کیونکہ گذشتہ چار برسوں میں مرکزی حکومت نے صنعتی شعبہ کے 65.5 لاکھ کروڑ روپئے قرض معاف کئے ہیں اس کے برعکس ملک میں سب سے زیادہ روزگار دینے والے زرعی شعبہ پر قرض معافی کے معاملہ میں بہت کم توجہ دی گئی ہے خاص کر شیڈول کمرشیل بینکوں کی جانب سے اس شعبہ کو بری طرح نظرانداز کیا گیا۔

ہمارے ملک میں لاکھوں کی تعداد میں ایسے لوگ ہیں جنہیں دو وقت کی روٹی بھی میسر نہیں ایسے میں حکومت کو چاہیئے کہ سب کو غذا فراہم کرے۔ آپ کو بتادیں کہ مناسب خوراک نہ ملنے کے نتیجہ میں ہندوستان میں ہر سال 17 لاکھ ہندوستانی اپنی زندگیوں سے محروم ہوجاتے ہیں۔ سال 2025 میں مودی حکومت کیلئے یہ بھی ضروری ہے کہ وہ تمام کیلئے مساوی تنخواہوں کو یقینی بنائے ساتھ ہی حکومت کو چاہیئے کہ کسانوں کیلئے احترام زندگی (ان کی باوقار زندگی) کو یقینی بنائے۔ این سی آر بی کے مطابق ہمارے ملک میں ہر روز 30 کسان خودکشی کرتے ہیں چنانچہ فبروری 2024 سے ایم ایس پی کی قانونی طمانیت کو یقینی بنانے کیلئے کئے گئے احتجاجی مظاہروں میں 20 کسان فوت ہوئے اور 160 زخمی ہوئے۔ سال 2025 میں مودی حکومت کو چاہیئے کہ خواتین کی سیفٹی کو بھی یقینی بنائیں۔ ہمارے ملک میں محروم طبقات پر توجہ دینے کی شدید ضرورت ہے، سال 2018 اور 2020 کے درمیان 443 افراد موریاں، ڈرینج صاف کرتے ہوئے مارے گئے (ہاتھ سے موریوں و ڈرینج کی صفائی پر 2013 میں پابندی عائد کی گئی)۔ جاریہ سال مودی حکومت کو صحافت کا تحفظ بھی کرنا چاہیئے۔ یہاں اس بات کا تذکرہ ضروری ہوگا کہ 2014 اور 2019 کے درمیان 20 صحافیوں پر سنگین حملے کئے گئے۔ صحافیوں کی گرفتاریاں عمل میں آئی، سرکاری ایجنسیوں، نان- اسٹیٹ پولیٹیکل ایکٹرس، مجرمین اور مسلح گروپوں نے 2022 میں نشانہ بنایا۔ مودی حکومت کو جو تیرہواں کام کرنا ہے وہ مساویانہ نمائندگی کو یقینی بنانا ہے۔ واضح رہے کہ 18 ویں لوک سبھا میں خواتین کی نمائندگی صرف 6.13 فیصد ہے جو 17 ویں لوک سبھا میں خاتون ارکان کی تعداد سے بھی کم ہے جس میں خاتون ارکان کی تعداد 4.14 فیصد تھی۔ یہاں اس بات کا تذکرہ بیجا نہ ہوگا کہ 24 پارلیمانی اسٹینڈنگ کمیٹیوں میں سے صرف دو کمیٹیوں کی سربراہی خواتین کرتی ہیں۔ جہاں تک مقننہ کو جانچ پڑتال کی اجازت دینے کا سوال ہے آپ کو بتادیں کہ سال 2019 سے 100 بلز صرف دو گھنٹوں سے بھی کم وقت میں منظور کئے گئے۔ 17 ویں لوک سبھا میں 10 بلز میں سے 9 بلز صفر یا نامکمل مشاورت کے ذریعہ منظور کئے گئے۔

مودی حکومت کو یہ بھی چاہیئے کہ وہ لوک سبھا کے ڈپٹی اسپیکر کا انتخاب کرے کیونکہ 17 ویں لوک سبھا کی 5 سالہ میعاد میں کوئی ڈپٹی اسپیکر نہیں تھا اور اب بھی ڈپٹی اسپیکر کا عہدہ مخلوعہ ہے۔ عام طور پر یہ عہدہ اپوزیشن کو دیا جاتا ہے اس کے علاوہ حکومت خود میں اپوزیشن کی تنقیدوں کو برداشت کرنے کی صلاحیت پیدا کرے۔ پچھلے پانچ برسوں میں صرف اور صرف حکومت پر تنقید کیلئے جن اپوزیشن ارکان پارلیمان کو معطل کیا گیا ان کی تعداد میں 13 گنا اضافہ ہوا ہے جبکہ انفورسمنٹ ڈائرکٹوریٹ نے پچھلے دس برسوں میں جو مقدمات درج کئے ہیں ان میں 95 فیصد مقدمات اپوزیشن قائدین کے خلاف ہیں جس سے اپوزیشن کے خلاف حکومت کے انتقامی رویہ کا پتہ چلتا ہے۔ حکومت اپوزیشن قائدین کی تنقید برداشت نہیں کرپارہی ہے اسے اب اپنا رویہ بدلنا ہوگا۔ افسوس کی بات یہ ہے کہ کمیشن برائے پسماندہ طبقات، کمیشن برائے درج فہرست طبقات اور حقوق اطفال کے تحفظ سے متعلق کمیشن کے اب تک کوئی نائب صدرنشین نہیں ہیں۔ حکومت کو چاہیئے کہ درج فہرست طبقات وقبائیل اور دوسرے پسماندہ طبقات کی مدد کرے۔ حکومت کیلئے اس سال ایک اور چیلنج سے پُر کام ہے وہ یہ ہے کہ مردم شماری سال 2021 میں ہونی تھی لیکن ابھی تک نہیں کی گئی۔ پچھلی مرتبہ 2011 میں مردم شماری کا اہتمام کیا گیا تھا۔ حکومت نے بیٹی بچاؤ۔ بیٹی پڑھاؤ کیلئے جو فنڈ مقرر کیا اس میں سے 80 فیصد فنڈ میڈیا میں تشہیر پر خرچ کردیا جبکہ حکومت نے اس فنڈ کا لڑکیوں کی صحت یا تعلیم پر خرچ نہیں کیا۔

سال 2025 میں نریندر مودی حکومت کو چاہیئے کہ وہ ریاستوں کو واجب الادا رقم ادا کردے۔ مثال کے طور پر مغربی بنگال کو MGNREGS اور آواس یوجنا کے تحت مرکز 1500 کروڑ روپئے باقی ہے، فنڈس کی عدم اجرائی سے 59 لاکھ MGNREGS ورکرس کی زندگیاں متاثر ہوئیں۔ مودی حکومت کیلئے 2024 کی طرح 2025 میں بھی منی پور ایک بہت بڑا چیالنج رہے گا، اسے منی پور پر توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ منی پور میں نسلی تشدد کے نتیجہ میں 67 ہزار لوگ بشمول 14 ہزار اسکولی طلباء وطالبات متاثر ہوئے، درجنوں مرد وخواتین کا قتل کیا گیا، گرجا گھروں کو آگ لگائی گئی۔ مودی جی نے ابھی تک اس گڑبڑ زدہ ریاست کا دورہ نہیں کیا۔ مودی حکومت کو بڑی سنجیدگی کے ساتھ اقلیتوں کے تحفظ کو یقینی بنانا ہوگا، ان کی بہبود کیلئے اقدامات کرنا ہوگا۔ NCRB نے 2021 میں 378 فرقہ وارانہ فسادات ریکارڈ کئے۔ 2022 میں 272 اور 2023 میں اقلیتوں کے خلاف نفرت انگیز تقاریر کی گئیں اور بیانات جاری کئے گئے جس کے نتیجہ میں کئی مقامات پر تشدد پھوٹ پڑا۔ اپریل اور جون 2022 کے درمیان 128 جائیدادوں کو منہدم کیا گیا۔

"غیروں پہ کرم اپنوں پہ ستم" یہ مشہور قول ہر اس شخص کیلئے ہے جو غیروں سے الفت اور اپنوں سے نفرت کا معاملہ کرے۔ اگر کسی عام آدمی کا رویہ اس طرح کا ہو تو پھر بھی قابل نظرانداز اور قابل معافی ہوسکتا ہے لیکن اگر حاکم وقت اپنی رعایا کے ساتھ اس طرح کا جانبداری سلوک کرے تو اسے حکمراں کہلانے کا کوئی حق نہیں۔ اگر حاکم ہٹلر کی طرح ڈکٹیٹر ہو تو اسے بارہ خون معاف ہوں گے لیکن اگر جمہوری نظام میں کوئی حکمراں دستور کی قسم کھا کر ہر شہری کے ساتھ یکساں سلوک کا عہد کرے تو اس پر لازم ہوجاتا ہے کہ حلف کی پاسداری کرے۔ نریندر مودی نے تین مرتبہ وزارت عظمٰی کا حلف لیتے ہوئے قسم کھائی تھی کہ وہ کسی بھید بھاؤ کے بناء تمام لوگوں کے ساتھ انصاف کریں گے۔ نریندر مودی نے دنیا کے سامنے یہ عہد نہیں کیا بلکہ سب کا ساتھ سب کا وکاس، سب کا پریاس کا نعرہ لگا کر یقین دلانے کی کوشش کی کہ وہ بلا لحاظ مذہب، علاقہ، زبان اور تہذیب ہر کسی کے ساتھ یکساں سلوک کریں گے۔ نریندر مودی کے ان نعروں پر بھولے بھالے عوام نے بھروسہ کیا اور اچھے دن کی امید کرنے لگے۔ انہیں کیا پتہ تھا کہ نریندر مودی گجرات پس منظر سے تعلق رکھتے ہیں۔ فسادات کے دوران مدد کیلئے کانگریس کے سابق ایم پی احسان جعفری نے فون کیا تو ہمدردی کے بجائے الٹا گالی گلوج کرتے ہوئے فون کٹ کردیا گیا تھا۔ احسان جعفری پر چیف منسٹر کی حیثیت سے احسان کرنے کے بجائے موت کا تماشہ دیکھنے والے نریندر مودی نے وزارت عظمٰی پر فائز ہونے کے بعد بھی اپنی روش کو جاری رکھا۔ انگریزی میں مقولہ ہے پرانی عادتیں آسانی سے ختم نہیں ہوتی۔ ٹھیک اسی طرح چیف منسٹر سے ملک کے وزیراعظم کی کرسی تک پہنچنے کے باوجود مودی کی فطرت تبدیل نہیں ہوئی۔ وزیراعظم کی حیثیت سے دس سال مکمل ہوگئے اور تیسری میعاد کا آغاز ہوچکا ہے لیکن سب کا ساتھ سب کا وکاس اور اچھے دن کے نعرے تو برقرار ہیں لیکن حکومت کا طرز عمل اس کے برخلاف ہے۔ ایسا نہیں ہے کہ اچھے دن اور وکاس نہیں ہوا۔ مودی نے اپنے قریبی صنعتی گھرانوں اور سنگھ پریوار سے تعلق رکھنے والوں کا ساتھ دیا اور وکاس کے ذریعہ ان کے اچھے دن کا وعدہ پورا کیا۔ مودی کو بھلے ہی حلف برداری کے الفاظ یاد نہ ہوں لیکن دنیا کی آنکھوں نے گزشتہ دس برسوں میں جو مناظر دیکھے ہیں، وہ انسانیت کو شرمسار کرنے کیلئے کافی ہیں۔ دستور، قانون اور جمہوریت کے اصولوں پر کاربند رہتے ہوئے اقلیتوں بالخصوص مسلمانوں کی خیرخواہی اور خبرگیری کے بجائے ان کے خلاف کارروائیوں کا فلڈ گیٹ کھول دیا گیا۔ کوئی شعبہ ایسا نہیں جہاں مسلمانوں کیلئے کوئی اچھی خبر آئی ہو۔ تعلیم، معیشت، ثقافت، تہذیب اور تاریخ الغرض ہر شعبہ میں مسلمانوں کے اطراف گھیرا تنگ کیا گیا۔ اسلام اور شریعت میں حکومت نے کھل کر مداخلت کی۔ مساجد کے نیچے مندروں کی تلاش کیلئے بھارت کھودو مہم شروع کی گئی۔ دستور اور قانون میں مسلمانوں کو دیئے گئے حقوق کے برعکس اقدامات کئے گئے۔ مذہبی شناخت اور تشخص کو مٹانے کی سازش کی گئی۔ یہ تو رہی بات اندرون ملک مودی حکومت کے مسلمانوں کے ساتھ سلوک کی لیکن وہی نریندر مودی جب ملک کے باہر ہوتے ہیں تو محسوس ہوتا ہے کہ جیسے وہ 50 فیصد مسلمان بن چکے ہیں۔ مسلم اور عرب ممالک کے دورہ کے موقع پر مسلم سربراہوں سے ان کی جذباتی اور والہانہ ملاقاتیں، بار بار گلے ملنا، اسلام اور مسلم تہذیب کی تعریف کرنا یہ مناظر دیکھ کر کوئی تصور بھی نہیں کرسکتا کہ یہ وہی ہندوستانی وزیراعظم ہیں جن کے ملک میں مسلمانوں کے ساتھ امتیازی سلوک جاری ہے۔ ملک سے پرواز کرتے ہی نریندر مودی مسلم ہمدردی کا لبادہ دھارن کرلیتے ہیں۔ مسلم حکمرانوں کو خوش کرنے کیلئے ان کی زبان عربی میں لکھ کر ہی سہی بات کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ ہندوستان میں مسلمانوں کو بھلے ہی عید کی مبارکباد نہ دیں اور روایتی دعوت افطار کا اہتمام نہ کریں لیکن مسلم اور عرب ممالک پہنچتے ہی مسلمانوں سے محبت امنڈ آتی ہے۔ مودی کی دورخی کہہ لیں یا پھر سیاسی چال۔ دونوں صورتوں میں وہ ایک ماہر اداکار ثابت ہوئے ہیں جو یقینی طور پر آسکر ایوارڈ کے مستحق ہیں۔ نریندر مودی کے اسی طرز عمل کو ہم نے غیروں پہ کرم اپنوں پہ ستم سے تعبیر کیا ہے۔ سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ کیا صرف مسلم اور عرب حکمراں محبت اور خلوص کے قابل ہیں؟ حیدرآبادی کہاوت ہے کہ والد کو والد نہیں پڑوسی کو چاچا کہا گیا۔

# فلسطینیوں کی آہ سے ایران اسرائیل جنگ تک

محمد ریاض احمد

فلسطین - اسرائیل جنگ کا 7 اکتوبر 2023 کو آغاز ہوا، حماس جنگجوؤں کے غیر معمولی بلکہ خطرناک حملوں کے بعد اسرائیل نے غزہ میں فلسطینیوں کا بڑی بیدردی سے قتل عام کیا اور ان کی نسلی تطہیر شروع کی، اسرائیلی درندگی سے امریکہ اور اس کے چند ایک اتحادیوں کو چھوڑ کر دنیا بھر کی حکومتیں اور عوام بھی دہل کررہ گئے۔ دنیا کے امن پسند اور انصاف پسند انسانیت نواز لوگوں میں اس بات کو لیکر حیرت اور صدمہ کی لہر دوڑ گئی کہ آخر امریکہ اور اس کے اتحادی ملک کیسے بے قصور فلسطینیوں کے قاتل اسرائیل کی تائید و حمایت کررہے ہیں۔ امریکہ نے تو جو بائیڈن انتظامیہ کی قیادت میں مظلوم و نہتے فلسطینیوں کی مدد اور اسرائیل پر انسانیت کے خلاف اس کے جنگی جرائم کی پاداش میں پابندیاں عائد کرنے (حالانکہ عالمی فوجداری عدالت نے اسرائیل کو جنگی جرائم کا مرتکب قرار دے کر اس کے وزیر اعظم نیتن یاہو اور اسرائیل کے سابق وزیر دفاع کے وارنٹ گرفتاری بھی جاری کئے) کے بجائے ایک سال کے دوران سرائیل کو 17 ارب ڈالرس کی امداد فراہم کی (15 ماہ کے دوران امریکہ نے اسرائیل کو 26 ارب ڈالرس کی امداد فراہم کی)۔ یہی نہیں اسرائیل کی مدد اور اس کی حفاظت کیلئے امریکی بحری بیڑے بھی پہنچ گئے۔ اسی طرح امریکی بم، امریکی گولہ بارود اور انسانیت کے خاتمہ کیلئے بڑی بے شرمی سے استعمال کرنے ہتھیار بھی اسرائیل کو فراہم کئے گئے۔ اسرائیل نے فلسطینیوں کے قتلِ عام کیلئے امریکی ہتھیاروں کا بڑے پیمانہ پر استعمال کیا۔

فلسطین اور فلسطینیوں کو تباہ و برباد کرنے والے اسرائیل کی مدد میں امریکہ نے کوئی کسر باقی نہیں رکھا۔ اس نے یہ دیکھنے کی بھی زحمت گوارا نہیں کی کہ کس طرح اسرائیل فلسطینی ماؤں اور ان کے نومولود وشیرخوار اور کمسن بچوں کو قتل کررہا ہے، حد تو یہ ہے کہ امریکی ایوان نمائندگان میں اب تو عالمی فوجداری عدالت کے اہلکاروں پر پابندیوں کا بل منظور ہوگیا، اس نے یہ بل اسرائیلی وزیر اعظم نیتن یاہو اور سابق وزیر دفاع یوان گیلنٹ کے خلاف وارنٹ گرفتاری جاری کرنے پر منظور کیا جس سے اندازہ ہوتا ہے کہ امریکہ، اسرائیل کی جنگ لڑ رہا ہے۔ اس کا مطلب یہ ہوا کہ فلسطینیوں کے قتلِ عام میں جتنا اسرائیل ذمہ دار ہے اس سے کہیں زیادہ اس کی مدد کرنے والے ممالک بھی ذمہ دار ہیں کیونکہ وہ ایک قابض ظالم و جابر حکومت کی مدد کررہے ہیں۔ فلسطین - اسرائیل جنگ کو 15 ماہ ہوچکے ہیں' اسرائیل ہر روز فلسطینی اسپتالوں، اسکولوں، کالجوں، یونیورسٹیز کی عمارتوں یہاں تک کہ پناہ گزین کیمپوں پر فضائی اور زمینی حملے کرتے ہوئے انہیں تباہ کررہا ہے۔ خود اقوام متحدہ کے سکریٹری جنرل سے لے کر اس کی ذیلی اداروں کے سربراہوں کا کہنا ہے کہ





اسرائیل نے غزہ کو قبرستان میں تبدیل کردیا۔ 80 فیصد غزہ ملبہ کے ڈھیر میں تبدیل ہوچکا ہے۔ فلسطینی وزارت صحت کے اعداد و شمار کے مطابق 46 ہزار سے زائد فلسطینیوں نے جام شہادت نوش کیا جبکہ ایک لاکھ 9 ہزار سے زائد فلسطینی شدید زخمی ہوئے (ان میں 50 فیصد سے زائد مستقل طور پر معذور ہوچکے ہیں) اس کے برعکس طبی جریدہ 'لانسیٹ' کے مطابق اس جنگ کے ابتدائی 9 ماہ میں جو فلسطینی اسرائیل کی درندگی میں شہید ہوئے ان کی تعداد سرکاری اعداد وشمار سے کہیں زیادہ ہے۔

پچھلے سال 30 جون تک سرکاری اعداد وشمار میں 37877 فلسطینیوں کے شہید ہونے کی بات کہی گئی تھی جبکہ اس وقت فلسطینی شہداء کی حقیقی تعداد 64260 تھی جس میں 1.59 فیصد خواتین اور بچے شامل ہیں۔ 'الجزیرہ' کے مطابق صرف ڈسمبر 2024 میں 8 نومولود Hypothermia سے متاثر ہوکر جاں بحق ہوئے اور 2025 کے ابتدائی 9 دنوں میں شدید سردی کے باعث 74 فلسطینی بچے موت کی آغوش میں پہنچ گئے۔ اسرائیل کی درندگی کی حوصلہ افزائی میں امریکہ کے کردار کا اندازہ اس بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ عالمی میڈیا کے مطابق اسرائیل کو امریکہ نے جنگ کے ابتدائی ڈیڑھ ماہ کے دوران 22 ہزار بم فراہم کئے جن میں 2000 پاؤنڈ کے بنک بسٹرس بھی شامل تھے۔ امریکہ نے اس مدت کے دوران 50 ہزار آرٹیلری شیلس (Artellery Shells) فراہم کئے۔ جون 2024 کو منظرِ عام پر آئی میڈیا رپورٹس میں بتایا گیا کہ اسرائیل نے 7 اکتوبر سے جون 2024 تک غزہ پر 000,70 ٹن بم برسائے، نومبر 2023 میں منظرِ عام پر آئی میڈیا رپورٹس میں یوروفیڈ ہیومن رائٹس مانیٹر کے حوالے سے انکشاف کیا گیا کہ اسرائیل نے 12 ہزار مقامات پر بم برسائے اور وہ بھی فی فلسطینی 10 کلو گرام دھماکو مادہ سے زیادہ کے حساب سے۔

رپورٹ میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ امریکہ نے اگست 1945 میں دوسری جنگ عظیم کے دوران جاپان کے ہیروشیما اور ناگاساکی پر جو نیوکلیئر بم گرائے تھے ان کا وزن 15000 ٹن تھا۔ اسرائیل کی بمباری میں ایک ہی خاندان کے 80 سے لیکر 60 افراد بھی شہید ہوئے جبکہ ایک ہی خاندان کے 10 تا 15 افراد کے شہید ہونے کے متعدد واقعات پیش آچکے ہیں۔ سال 2025 کے آغاز کے 9 دن میں اسرائیل کے حملوں میں 500 سے زائد فلسطینی شہید ہوئے جن میں خواتین اور بچوں کی اکثریت ہے۔

اسرائیل نے اپنے حامیوں بالخصوص امریکہ کی تائید و حمایت سے صرف فلسطینیوں کا ہی قتل عام نہیں کیا بلکہ لبنان کو بھی تباہ کرکے رکھ دیا۔ حد تو یہ ہے کہ وہ اب شام کے بڑے حصہ پر بھی قابض ہوگیا۔ یمن پر بھی امریکہ کے ساتھ وقفہ وقفہ سے فضائی حملے کرتا جارہا ہے۔ اگر محتاط اندازہ بھی لگایا جائے اور سرکاری اعداد وشمار پر یقین کرلیا جائے تو اسرائیل نے ایک اسرائیلی کے بدلے 41 فلسطینیوں کا قتل کیا ہے لیکن عالمی برادری، عالمی ادارے اور خود ساختہ بڑی طاقتیں بڑی بے شرمی اور بے غیرتی کے ساتھ اسرائیلی درندگی کا تماشہ دیکھ رہی ہیں۔ جیسا کہ راقم الحروف نے آپ کو بتایا کہ شہدا میں فلسطینی بچوں اور خواتین کی اکثریت ہے۔ ہر روز غزہ میں اسرائیلی درندگی کے نتیجہ میں دردناک مناظر دیکھے جارہے ہیں۔ کہیں جام شہادت نوش کرنے والی فلسطینی ماں کی کوک سے مستقبل کا فلسطینی مجاہد جنم لے رہا تو کہیں ایسے فلسطینی نومولودوں کو بھی دیکھا گیا جنھوں نے اس دنیا میں آنکھ کھولنے کے چند گھنٹوں میں ہی اسرائیلی بمباری کی زد میں آکر اپنے ماں باپ، بھائی بہنوں اور دیگر ارکان خاندان کے ساتھ جام شہادت نوش کیا۔ ایسے کئی فلسطینی نومولود ہیں جن کے ایک ہی دن میں برتھ سرٹیفکٹ اور ڈیتھ سرٹیفکٹ جاری کئے گئے۔ فلسطین میں ایک ایسا منظر عام بھی دیکھا گیا جہاں ایک 8 سالہ بچہ اپنی شہید ماں کی قبر سے لپٹا سو رہا ہے اس معصوم کا کہنا ہے کہ اسے اپنی ماں کی گود میں سونے کی عادت ہے اور جب وہ اپنی ماں کی قبر سے لپٹ کر سوتا ہے تو اسے سکون ملتا ہے۔

دنیا نے ایسے فلسطینی بچوں کو بھی دیکھا ہے جنھوں نے روتے ہوئے دنیا بالخصوص عالم اسلام کو خبردار کیا کہ اسرائیل کی فسطائیت اس کی درندگی پر تم لوگ مجرمانہ خاموشی اختیار کئے ہوئے ہو، تمہاری خاموشی اسرائیل کی بالواسطہ مدد ہے یاد رکھو کہ ہم جب شہید ہوکر بارگاہ رب العزت میں پہنچیں گے تب اپنے رب سے تمہاری شکایت کریں گے اور بتائیں گے یا رب ذوالجلال جب فلسطینی بچوں، ماؤں، نوجوانوں اور بوڑھوں کا اسرائیل قتل عام کررہا تھا، ہماری بستیاں اُجاڑ رہا تھا، تاریخی آثار مٹا رہا تھا، تیرا نام لینے والے تجھ پر ایمان رکھنے والے، تیرے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا کلمہ پڑھنے والوں نے بھی ہماری مدد نہیں کی۔ ہم پانی کے قطرہ قطرہ کو ترستے رہے، روٹی کے محتاج ہوگئے، ان لوگوں نے ہماری مدد کے بجائے ہمارے دشمن کی، دشمنان اسلام کی مدد کی اور یہ سب کچھ اپنے اقتدار کی برقراری کے لئے کیا گیا۔ فلسطینی میں ہر روز ایسے بے شمار مناظر دیکھے جارہے ہیں جہاں معصوم بچوں نے اپنی شہادت سے قبل ہی اپنے لباس، اپنے کھلونوں اور اپنے جوتے چپلوں، اپنی کتابوں کو دوسرے بہن بھائیوں اور ضرورت مند فلسطینی بچوں میں تقسیم کی وصیت کی ہے اور ایک فلسطینی شہید بچی نے تو اپنی وصیت میں والدین سے کہا کہ میرے پیارے بابا پیاری امی میرے بھیا احمد کو ڈانٹ ڈپٹ نہ کرنا انھیں غصہ نہ کرنا، اس بچی کو کیا پتہ کہ اس کے بھائی احمد کو بھی اللہ نے شہید کے مرتبہ پر فائز کیا۔ حال ہی میں دنیا نے وہ منظر بھی دیکھا جب ایک تین سالہ فلسطینی بچہ اور 22 ماہ کی اس کی بہن اسرائیل کے فضائی حملہ میں شدید زخمی ہوکر اسپتال پہنچ گئے جہاں دونوں کے پیر جسم سے علیحدہ کردیئے گئے، بھائی بڑی تکلیف سے بات کرتے ہوئے اپنی چھوٹی بہن سے پوچھتا ہے ہماری امی کہاں ہے (اسے کیا پتہ کہ اس کی امی بھی شہید ہوگئی ہیں) میرے پیر کہاں ہیں؟ فلسطین میں اس طرح کے المناک دردناک مناظر ہر روز دیکھے جارہے ہیں۔ ایسے میں یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ کیا فلسطینی مظلومین اور بچوں کی آہیں ان کی بددعائیں خالی جائیں گی؟

ہرگز نہیں! اس ضمن میں ہم امریکی اداکار جیمس ووڈ کی مثال پیش کرتے ہیں جس نے اسرائیل کی تائید وحمایت کرتے ہوئے فلسطینیوں کے بارے میں کہا تھا کہ ان سب کو قتل کردو، ان کا نام ونشان مٹادو۔ واضح رہے کہ اسے دو مرتبہ آسکر کے لئے نامزد کیا گیا اور 3 مرتبہ اسے ایمی ایوارڈس حاصل ہوئے۔ امریکی ریاست کیلیفورنیا کے لاس اینجلس میں بھڑکی آگ نے اس کے گھر کو بھی جلا کر راکھ کردیا۔ سی این این کو انٹرویو دیتے ہوئے وہ رو پڑا۔ تب سوشل میڈیا صارفین نے اسے فلسطینیوں کے درد والم کی یاد دلائی اور کہا کہ شائد تمہیں تباہی و بربادی سے متاثر ہونے کے درد کا اب اندازہ ہوا ہوگا۔ یہاں اس بات کا تذکرہ ضروری ہوگا کہ اسرائیل کے سب سے بڑا حامی امریکہ حالیہ عرصہ کے دوران طوفان سے شدید متاثر ہوا۔ اربوں ڈالر کا نقصان برداشت کرنا۔ کیا یہ فلسطینیوں کی ہائے اور ان کی بددعاؤں کا نتیجہ نہیں ہے؟ لاس اینجلس میں 36 ہزار ایکر علاقہ آگ کی زد میں آگیا۔ 12000 مکانات جلکر خاکستر ہوگئے۔ نقصانات کا ابتدائی تخمینہ 150 ارب ڈالرس لگایا گیا۔ کم از کم 11 افراد ہلاک اور درجنوں زخمی ہوگئے۔ صرف انشورنس شعبہ کو 8 ارب ڈالرس کا اب تک نقصان برداشت کرنا پڑا۔ کیا یہ ظالموں کے خلاف اور ظالموں کی مدد کرنے والوں سے قدرت کا انتقام نہیں ہے؟ امریکہ خود کو سوپر پاور سمجھتا ہے، اسرائیل کے خلاف اقوام متحدہ میں پیش کردہ قراردادوں کو ویٹو کرتا ہے۔ اس کے پاس ہر قسم کی ٹیکنالوجی موجود ہے۔ میزائیل، راکٹس سے لے کر ہر قسم کے ہتھیاروں کا مقابلہ کرسکتا ہے لیکن مظلوموں کی ہائے اور ان کی بددعاؤں کا مقابلہ کرنے انہیں روکنے کی اس کے پاس ٹیکنالوجی نہیں۔ ویسے بھی قدرت جب انتقام لیتی ہے تو دنیا کوئی طاقت اُس کے سامنے ٹھہر نہیں سکتی۔ فلسطین - اسرائیل جنگ کا 7 اکتوبر 2023 کو آغاز ہوا، حماس جنگجوؤں کے غیر معمولی بلکہ خطرناک حملوں کے بعد اسرائیل نے غزہ میں فلسطینیوں کا بڑی بیدردی سے قتل عام کیا اور ان کی نسلی تطہیر شروع کی، اسرائیلی درندگی سے امریکہ اور اس کے چند ایک اتحادیوں کو چھوڑ کر دنیا بھر کی حکومتیں اور عوام بھی دہل کر رہ گئے۔ دنیا کے امن پسند اور انصاف پسند انسانیت نواز لوگوں میں اس بات کو لیکر حیرت اور صدمہ کی لہر دوڑ گئی کہ آخر امریکہ اور اس کے اتحادی ملک کیسے بے قصور فلسطینیوں کے قاتل اسرائیل کی تائید وحمایت کررہے ہیں۔ امریکہ نے تو جو بائیڈن انتظامیہ کی قیادت میں مظلوم و نہتے فلسطینیوں کی مدد اور اسرائیل پر انسانیت کے خلاف اس کے جنگی جرائم کی پاداش میں پابندیاں عائد کرنے (حالانکہ عالمی فوجداری عدالت نے اسرائیل کو جنگی جرائم کا مرتکب قرار دے کر اس کے وزیر اعظم نیتن یاہو اور اسرائیل کے سابق وزیر دفاع کے وارنٹ گرفتاری بھی جاری کئے) کے بجائے ایک سال کے دوران سرائیل کو 17 ارب ڈالرس کی امداد فراہم کی (15 ماہ کے دوران امریکہ نے اسرائیل کو 26 ارب ڈالرس کی امداد فراہم کی)۔

روزنامہ حقیقت ٹائمس مظفرپور
Urdu Daily Muzaffarpr
उर्दू दैनिक, मुजफ्फरपुर
HAKIKAT TIMES
हकीकत टाइम्स

# امریکی ٹھیکیدار نے بھوکے لاچار فلسطینیوں پر گولہ بارود، دستی بم اور پیپر اسپرے استعمال کیا

غزہ (یو این آئی) خبر رساں ادارے ایسوسی ایٹڈ پریس (اے پی) کی جانب سے حاصل کیے گئے ویڈیو شواہد اور شہادتوں کے مطابق غزہ میں امدادی مقامات پر کام کرنے والے امریکی ٹھیکیداروں نے خوراک کے حصول کے لیے جدوجہد کرنے والے فلسطینیوں پر گولہ بارود، دستی بم اور پیپر اسپرے استعمال کیا ہے۔متنازعہ مقامات پر کام کرنے والے دو امریکی ٹھیکیداروں نے تشدد اور بدانتظامی کے پریشان کن نمونے کو بیان کیا۔انہوں نے کہا کہ متنازعہ غزہ ہیومینیٹیرین فاؤنڈیشن (جی ایچ ایف) کی جانب سے کرائے پر لیے گئے بہت سے سیکیورٹی گارڈز کم تربیت یافتہ تھے اور انتہائی لاپرواہی کے ساتھ کام کر رہے تھے۔انہوں نے کہا کہ بے گناہ لوگوں کو تکلیف پہنچائی جا رہی ہے ٹھیکیداروں نے ایسی ویڈیوز فراہم کیں جن میں دھاتی دروازوں کے درمیان افراتفری پھیلانے والے ہجوم کو دکھایا گیا تھا اور پس منظر میں فائرنگ اور دستی بموں کی آوازیں گونج رہی تھیں۔



کچھ کلپس میں انگریزی بولنے والے مردوں کو ایک دوسرے کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے سنا جا سکتا ہے۔ایک ٹھیکیدار کا کہنا تھا کہ براہ راست گولیاں کبھی زمین یا فضا میں چلائی جاتی تھیں لیکن بعض اوقات براہ راست عام شہریوں کی طرف چلائی جاتی تھیں۔انہوں نے ایک واقعہ بیان کیا جہاں ایک ٹھیکیدار کی فائرنگ کے بعد ایک فلسطینی شخص زمین پر گر گیا۔اندرونی دستاویزات کے مطابق، پیپر اسپرے، ربڑ پیلٹ اور اسٹن گرینیڈ جیسے غیر مہلک ہتھیار باقاعدگی سے استعمال کیے جاتے تھے جون میں کھانے پینے کی ایک ہی تقسیم کے دوران، 37 اسٹن گرینیڈ، 60 کالی مرچ اسپرے کنستر، اور ہجوم کو کنٹرول کرنے والے دیگر اوزار تعینات کیے گئے تھے۔ایک ٹھیکیدار کی جانب سے شیئر کی گئی تصویر میں ایک خاتون گدھا گاڑی میں بے ہوش دکھائی دے رہی ہے، جس کے سر میں مبینہ طور پر اسٹن گرینیڈ کا ایک حصہ مارا گیا تھا۔اسرائیلی حکومت کی حمایت یافتہ ڈیلاویئر میں رجسٹرڈ غیر منافع بخش تنظیم جی ایچ ایف کو فروری میں غزہ میں خوراک تقسیم کرنے کے لیے تشکیل دیا گیا تھا۔امریکہ نے اس کے آپریشنز کی مدد کے لئے 30 ملین ڈالر کا وعدہ کیا ہے، حالانکہ فنڈنگ کے دیگر ذرائع ابھی تک واضح نہیں ہیں۔

صحافیوں کو ان مقامات تک رسائی سے روک دیا گیا ہے جو اسرائیلی فوج کے زیر کنٹرول علاقوں میں واقع ہیں۔

آپریشنز کے انتظام کے لیے کام کرنے والی لاجسٹکس کمپنی سیف ریچ سلوشنز کا کہنا ہے کہ کوئی شدید زخمی نہیں ہوا اور شہریوں اور عملے کے تحفظ کے لیے اٹھائے گئے اقدامات کو مایوسی کی انتہا پر ضروری قرار دیا۔تاہم اے پی کی جانب سے جائزہ لیے گئے ایس آر ایس کی اندرونی دستاویزات میں کہا گیا ہے کہ جون میں دو ہفتوں کے دوران 31 فیصد افراد زخمی ہوئے۔رپورٹ میں زخموں کی نوعیت یا شدت کی وضاحت نہیں کی گئی ہے۔

جی ایچ ایف سائٹس سے خوراک حاصل کرنے کی کوشش کرنے والے فلسطینیوں کا کہنا ہے کہ وہ سڑکوں پر اسرائیلی فائرنگ اور گیٹ پر موجود امریکی ٹھیکیداروں کے درمیان پھنس گئے ہیں۔

''ہم یہاں اپنے کنبوں کے لیے کھانا لانے آئے ہیں۔ہمارے پاس کچھ بھی نہیں ہے''، ایک ٹھیکیدار نے فلسطینیوں کو یاد کرتے ہوئے کہا کہ فوج ہم پر گولی کیوں چلاتی ہے؟ تم ہم پر گولی کیوں چلاتے ہو؟' ٹھیکیداروں نے کہا کہ ہجوم کی نگرانی کے لئے چہرے کی شناخت والے نگران کیمروں کا استعمال کیا گیا تھا۔انہوں نے الزام عائد کیا کہ امریکی اور اسرائیلی اہلکار کرم ابوسلیم کراسنگ کے اسرائیلی حصے میں ایک کنٹرول روم میں شانہ بشانہ کام کر رہے تھے اور معلوم اعداد وشمار کے ساتھ چہروں کا حوالہ دے رہے تھے۔

## فلسطینیوں کی حمایت جاری رکھیں گے تاکہ وہ اپنے جائز حقوق حاصل کرسکیں: سعودی عرب

ریاض (یو این آئی) سعودی عرب نے قابض اسرائیلی حکام کے بیان کی سخت الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ مقبوضہ مغربی کنارے پر اسرائیلی خودمختاری کے نفاذ کا مطالبہ عالمی قراردادوں کے منافی ہے۔سعودی وزارت خارجہ کا کہنا ہے کہ فلسطینی علاقوں میں یہودی آبادکاری کو وسعت دینے کی ہر کوشش مسترد کرتے ہیں، اسرائیلی حکام کو اقوام متحدہ کی قراردادوں کا پابند بنانے کی ضرورت ہے۔اس حوالے سے کہا گیا کہ سعودی عرب اپنے فلسطینی بھائیوں کی مکمل حمایت جاری رکھے گا تاکہ وہ اپنے جائز حقوق حاصل کرسکیں۔سعودی وزارت خارجہ کا کہنا ہے کہ فلسطینیوں کے حقوق میں 1967 کی سرحدوں کے مطابق آزاد ریاست کا قیام شامل ہے، ایسی آزاد فلسطینی ریاست جس کا دارالحکومت مشرقی القدس ہو۔عرب میڈیا کے مطابق سعودی وزارت خارجہ نے اس مؤقف کو مملکت کا مستقل اور غیر متزلزل اصول قرار دیا ہے۔

## صدر ٹرمپ مجھ پر وار کر رہے ہیں، ظہران ممدانی

نیویارک (یو این آئی) نیویارک میئر کی دوڑ میں ڈیموکریٹک اُمیدوار ظہران ممدانی کا کہنا ہے کہ صدر ٹرمپ محنت کش مڈل کلاس کے خلاف صدارتی اقدامات سے توجہ ہٹانا چاہتے ہیں اور



اسی لیے مجھ پر وار کر رہے ہیں۔ظہران ممدانی نے کہا کہ صدر ٹرمپ نے مجھے گرفتار کرنے، ملک بدر کرنے اور امریکی شہریت ختم کرنے کی دھمکی دی ہیں۔انہوں نے کہا کہ صدر ٹرمپ نہیں چاہتے کہ میں کام کرنے والے لوگوں کی حقوق کی بات کروں، اُن لوگوں کی بات کروں جنہیں مہنگائی کے باعث نیویارک چھوڑنے پر مجبور کیا گیا۔ظہران ممدانی نے کہا کہ صدر ٹرمپ نے اپنی انتخابی مہم میں مہنگائی کم کرنے کا وعدہ کیا تھا جس سے اب وہ منحرف ہو رہے ہیں۔ اِس لیے اپنی ناکامی چھپانے کے لیے مجھ پر حملے کر رہے ہیں۔

# امریکی طالب علم نے ایک ملین ڈالر ہرجانے کا مطالبہ کیا

ماسکو، (یو این آئی) امریکی امیگریشن اینڈ کسٹمز انفورسمنٹ (آئی سی ای) کے ذریعہ گرفتاری پر ایک طالب علم نے ٹرمپ انتظامیہ کے خلاف 10 لاکھ ڈالر ہرجانے کا دعویٰ دائر کیا ہے۔میکسیکن امریکن لیگل ڈیفنس اینڈ ایجوکیشنل فنڈ (مالڈیف) نے بدھ کو یہ اطلاع دی۔

آئی سی ای غیر مجاز تارکین وطن کو گرفتار کرنے کی ذمہ دار ایجنسی ہے اور ٹرمپ انتظامیہ میں ایک طاقتور ٹول کے طور پر ابھری ہے۔ یہ ریاستہائے متحدہ امریکہ میں مزید غیر مجاز تارکین وطن کو گرفتار کرنے کے لیے مقامی پولیس کے ساتھ مل کر کام کر رہا ہے۔لیکن جنوبی کیلیفورنیا میں، وفاقی حکومت نے مدد کے لیے سرحدی گشت، ایف بی آئی اور ڈرگ انفورسمنٹ ایڈمنسٹریشن کو تعینات کر دیا ہے۔''ایک سرکردہ لاطینی شہری حقوق کی تنظیم ایک شہری مقدمے کی طرف پہلا قدم اٹھا رہی ہے جس میں وفاقی حکومت سے امریکی شہری جاب گیسیر کو 10 لاکھ ڈالر ہرجانہ ادا کرنے کے لیے کہا جا رہا ہے، جسے وفاقی امیگریشن افسران نے ہوم ڈپو کے سامنے حملہ کیا اور غیر قانونی طور پر حراست میں لیا'' مالڈیف نے ایک بیان میں کہا۔وکلاء کا استدلال ہے کہ بارڈر پٹرول ایجنٹوں اور آئی سی ای نے گارسیا کو بغیر کسی جائز بنیاد کے غیر قانونی طور پر روکا اور حراست میں لیا، اس کی آزادی اور نقل وحرکت میں مداخلت کی۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ گریجویٹ طالب علم اور فوٹوگرافر گارسیا کو ہالی ووڈ کی ایک پارکنگ میں آئی سی اے افسران نے پکڑ کر زمین پر پھینک دیا۔وہ اور دیگر راہگیر مبینہ طور پر ایک ٹرک ڈرائیور کو آئی سی اے افسران کی طرف سے گھیرے ہوئے گاڑی سے باہر نکلنے سے روکنے کی کوشش کر رہے تھے۔ گارسیا کو اس کی حرکتوں کی وجہ سے گرفتار کیا گیا تھا اور 24 گھنٹے سے زیادہ حراست میں لیا گیا تھا۔

# چین نے امریکہ میں دو چینی 'جاسوسوں' کی گرفتاری پر برہمی کا اظہار کیا

بیجنگ (یو این آئی) امریکہ میں دو ''چینی جاسوسوں'' کی گرفتاری پر سخت ردعمل ظاہر کرتے ہوئے چین کی وزارت خارجہ نے کہا کہ وہ اس کیس کی تفصیلات سے واقف نہیں ہے جس کی بنیاد پر امریکی محکمہ انصاف نے ان دونوں چینی شہریوں پر جاسوسی کا الزام لگایا ہے۔چین نے یہ بھی یقین دہانی کرائی کہ وہ چینی شہریوں کے جائز حقوق کے تحفظ کے لیے ضروری اقدامات کرے گا۔

غور طلب ہے کہ امریکی تفتیشی ایجنسی فیڈرل بیورو آف انویسٹی گیشن (ایف بی آئی) نے کئی ریاستوں میں مربوط انٹیلی جنس آپریشن کیا اور 27 جون کو دو چینی شہریوں چن اور لائی کو جاسوسی کے الزام میں گرفتار کیا تھا۔ ان پر امریکی بحریہ کے ملازمین کو چین کے لیے جاسوسی کرنے پر آمادہ کرنے کا الزام ہے۔چینی وزارت خارجہ کے ترجمان ماؤ ننگ نے کہا، ''چین ہمیشہ نام نہاد چینی جاسوسوں کے واقعے کی تشہیر کی مخالفت کرتا ہے اور بیرون ملک مقیم چینی شہریوں کے جائز حقوق اور مفادات کے تحفظ کے لیے ضروری اقدامات کرے گا۔''

ایف بی آئی کے ڈائریکٹر کاش پٹیل نے کہا، ''ایف بی آئی نے دو چینی شہریوں کو گرفتار کیا ہے جو مبینہ طور پر امریکی بحریہ کے اہلکاروں کو چین کے لیے جاسوسی کرنے پر آمادہ کر رہے تھے۔''

ریاستی سلامتی کی وزارت (ایم ایس ایس) نے ایک بیان میں کہا کہ ان میں سے ایک چینی شہری یوئنس چن (38) ہے، جسے ہیپی ویلی، اوریگون میں قانونی طور پر مستقل رہائشی حیثیت حاصل ہے اور دوسرا لیرن ریان لائی (39) ہے، جو یکم اپریل 2025 کو سیاحتی ویزے پر ہیوسٹن، ٹیکساس کا دورہ کیا تھا۔وہ ایف بی آئی کی جانب سے گرفتار کیے گئے جرائم میں ملوث تھے۔ انٹیلی جنس آپریشن میں 'ایف بی آئی کے ڈائریکٹر کاش پٹیل نے کہا،''ایف بی آئی چین کی جانب سے ہماری سرحدوں میں دراندازی کی وسیع کوششوں کے خلاف ملک کے دفاع کے لیے اپنا مشن جاری رکھے گا۔

اٹارنی جنرل پامیلا بونڈی نے کہا کہ''یہ کیس ہماری فوج میں دراندازی اور ہماری قومی سلامتی کو نقصان پہنچانے کی چینی حکومت کی مسلسل اور جارحانہ کوششوں کو ظاہر کرتا ہے''۔''ایف بی آئی کے ڈائریکٹر نے کہا،''جب دشمن کے جاسوس ہمارے ملک میں دراندازی کرنے کی کوشش کریں گے تو ہم خاموش نہیں رہیں گے۔ہم غیر ملکی کارندوں کو بے نقاب کریں گے ، ان کے ایجنٹوں کا احتساب کریں گے ، اور امریکی عوام اور قوم کو پوشیدہ خطرات سے بچائیں گے۔"

# ٹرمپ نے فیڈرل ریزرو کے چیئرمین سے استعفیٰ کا مطالبہ کیا

نیویارک (یو این آئی) امریکہ کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے مرکزی بینکنگ اتھارٹی 'فیڈرل ریزرو' کے چیئرمین جیروم پاول سے استعفیٰ کا مطالبہ کیا ہے۔بدھ کو اپنے سوشل میڈیا پلیٹ فارم 'ٹروتھ سوشل' پر اپنی ایک پوسٹ میں، مسٹر ٹرمپ نے ایک مضمون کا لنک شیئر کیا، جس میں فیڈرل ہاؤسنگ فائنس ایجنسی کے سربراہ بل پلٹے نے مسٹر پاول کے بارے میں کیے گئے تبصروں پر مشتمل تھا۔مضمون میں مسٹر پلٹے نے کانگریس (پارلیمنٹ) سے مسٹر پاول کے مبینہ سیاسی تعصب اور سینیٹ کے فریب کی تحقیقات کرنے کی درخواست کی تھی۔غور طلب ہے کہ مسٹر ٹرمپ نے اس سے قبل بھی مسٹر پاول کو اگلے سال ان کی مدت ختم ہونے سے پہلے ہی ان کے عہدے سے ہٹانے کی دھمکی دی تھی اور شرح سود میں تخفیف نہ کرنے پر وفاقی چیئرمین کو بار بار تنقید کا نشانہ بنایا تھا۔ امریکی صدر نے جمعہ کو فیڈرل ریزرو کے چیئرمین پر اپنی تنقید میں شدت پیدا کرتے ہوئے کہا کہ اگر مسٹر پاول استعفیٰ دیتے ہیں تو انہیں خوشی ہوگی۔صحافیوں سے بات کرتے ہوئے صدر نے مسٹر پاول کو ایک 'غلط کام کرنے والا' بتایا' اور انہیں 'بیوقوف' بھی کہا ہے۔ مسٹر ٹرمپ نے کہا تھا کہ میں چاہتا ہوں کہ وہ استعفیٰ دے دیں۔انہوں نے بہت خراب کام کیا ہے۔ مجھے لگتا ہے کہ ہمیں ابھی ایک فیصد ادا کرنا چاہیے اور ہم زیادہ ادائیگی کر رہے ہیں، کیونکہ ہمارے پاس ایک ایسا شخص ہے، جو مجھے لگتا ہے ٹرمپ ڈیرینجمنٹ سنڈروم کا شکار ہے''۔

## عدالت نے ٹرمپ کی پناہ پابندی پر روک لگادی

سیکرامنٹو/ امریکہ (یو این آئی) امریکہ کے ایک وفاقی جج نے صدر ڈونالڈ ٹرمپ کے ملک میں پناہ حاصل کرنے کے عمل کے تازہ ترین حکم پر پابندی لگادی ہے۔ جج نے کہا کہ وائٹ ہاؤس نے کانگریس کے امیگریشن قوانین اور آئین دونوں کی خلاف ورزی کی ہے۔کولمبیا ضلع کے یوایس ڈسٹرکٹ کورٹ کے جج رینڈولف ڈی ماس نے بدھ کو 128 صفحات پر مشتمل ایک حکم نامے میں لکھا کہ مسٹر ٹرمپ کے جنوری کے اعلان نے جس میں سرحد عبور کرنے والوں کی تعداد میں اضافہ کو ''حملہ'' کے طور پر برانڈ کیا گیا تھا اور ''ایک متبادل امیگریشن سسٹم'' بنانے کی کوشش کی گئی تھی، نے کانگریس کی طرف سے امریکی امیگریشن اینڈ نیشنلٹی ایکٹ میں بنائے گئے تحفظات پر پابندی عائد کردی ہے۔انہوں نے کہا کہ چونکہ اس اعلان میں داخلے کی بندرگاہوں کے ساتھ ساتھ سرکاری سرحد پر داخل ہونے والوں کو انسانی اسکریننگ سے محروم کیا گیا تھا، اس لئے عدالت نے اسے امریکی سرزمین پر کسی کو بھی پناہ حاصل کرنے کا موقع دینے کی ضمانت دینے والے قانونی متن کے ساتھ ''بنیادی طور پر متضاد'' پایا۔

# حزب اللہ کا ہتھیار چھوڑنے سے انکار

بیروت (یو این آئی) لبنان میں حزب اللہ گروپ نے اسرائیل کی جانب سے 'حقیقی اور اسٹریٹجک خطرات' کا حوالہ دیتے ہوئے ہتھیار چھوڑنے سے انکار کردیا ہے۔

حزب اللہ کے لیڈر نعیم قاسم نے اس بات کی تصدیق کی ہے کہ گروپ اپنے ہتھیار نہیں ڈالے گا۔بدھ کے روز گروپ کے لیڈر نے بیروت کے جنوبی مضافاتی علاقے میں ایک پروگرام کے دوران خطاب کرتے ہوئے کہا کہ' ہمارے ہتھیار اسرائیل کا مقابلہ کرنے کے لیے ہیں اور ہم اس حق سے کبھی بھی دستبردار نہیں ہوں گے۔''

حزب اللہ نے زور دیتے ہوئے کہا کہ اسرائیل کے ممکنہ حملے کے خلاف لبنان کے دفاع کے لیے اس کے ہتھیار ضروری ہیں۔

نعیم قاسم نے اپنے خطاب میں کہا ''اسرائیل ایک حقیقی اور اسٹریٹجک خطرہ ہے، نہ صرف فلسطین اور لبنان بلکہ پورے خطے کے لیے۔انہوں نے کہا کہ ہم ایک مزاحمتی گروہ ہیں، ہمارا فرض مزاحمت اور مقابلہ کرنا ہے۔



حزب اللہ کے رہنما نے لبنان کے اندرونی معاملات میں کسی بھی غیر ملکی مداخلت کو بھی مسترد کیا ہے۔انہوں نے کہا کہ''اسلحہ جیسے مسائل لبنان کے اندرونی معاملات ہیں، جنہیں لبنانی عوام کے درمیان حل کیا جانا چاہیے۔''اسرائیل کو ہمارے قومی معاملات میں مداخلت یا نگرانی کا کوئی حق نہیں ہے'' ۔

# نیتن یاہو کے امریکی دورے سے قبل غزہ جنگ بندی معاہدہ ہوجائے گا: اسرائیلی میڈیا کا دعویٰ



تل ابیب (یو این آئی) اسرائیلی میڈیا نے دعویٰ کیا ہے کہ امید ہے کہ اسرائیلی وزیر اعظم نیتن یاہو کے آئندہ ہفتے امریکی دورے پر جانے سے قبل غزہ جنگ بندی معاہدہ ہوجائے۔اسرائیلی میڈیا رپورٹس کے مطابق پہلی بار اسرائیلی حکومت جنگ بندی اور یرغمالیوں کی رہائی پر سنجیدگی سے غور کر رہی ہے۔غزہ میں جنگ بندی اور اسرائیلی یرغمالی کی رہائی کے مجوزہ معاہدے سے متعلق اہم نکات اسرائیلی میڈیا نے جاری کردیے۔

اسرائیلی میڈیا کا کہنا ہے کہ حماس نے لچک دکھائی ہے، توقع ہے کہ حماس قطر اور امریکہ کی طرف سے نئی تجاویز کا جمعہ تک حتمی جواب دے گا، جس کی اسرائیل پہلے ہی منظوری دے چکا ہے۔

میڈیا رپورٹس کے مطابق حماس راضی ہوتو اسرائیلی وفد مذاکرات شروع کرنے کے لیے فوری دوحہ روانہ ہوجائے گا۔

اسرائیلی میڈیا کا کہنا ہے کہ امریکہ چاہتا ہے کہ اگلے ہفتے نیتن یاہو کے دورہ واشنگٹن میں جنگ بندی کا اعلان ہو جائے۔ تاہم جنگ بندی کا معاہدہ نہ ہونے پر بھی اسرائیل بات چیت 60 دن سے زیادہ جاری رکھنے کی ضمانت دینے کو تیار ہے۔میڈیا رپورٹس کے مطابق ٹرمپ ذاتی طور پر حماس کو اس بات کی ضمانت دیں گے اور خود اعلان بھی کریں گے۔رپورٹس کے مطابق جنگ بندی کی تجویز میں 10 زندہ اسرائیلی یرغمالیوں کی رہائی ہوگی، 18 اسرائیلیوں کی لاشوں کی تین مرحلوں میں واپسی 60 دن میں ہوگی، جبکہ اسرائیل کی قید میں موجود فلسطینیوں کی رہائی پچھلی ڈیل کی طرح ہی ہوگی۔

میڈیا رپورٹس کے مطابق حماس اسرائیلی جیلوں میں قید فلسطینی اسیروں کی رہائی کے لیے نام دے گا، حماس اپنے ان اسیروں کے بھی نام دے گا جن کی رہائی سے اسرائیل اب تک انکاری رہا ہے۔اسرائیل کے لیے یہ مطالبہ ماننا مشکل ہوسکتا ہے۔جبکہ اسرائیل کا مطالبہ ہوگا کہ غزہ میں امریکی کمپنی کے ذریعے امداد کا موجودہ طریقہ برقرار رہے۔دوسری جانب حماس کا مطالبہ ہے کہ امریکی کمپنی کے بجائے اقوام متحدہ کے ذریعے امداد کی تقسیم کا طریقہ بحال ہو۔حماس کا مطالبہ ہوگا کہ انسانی امداد کے روز 4 سو سے 6 سو ٹرک غزہ میں داخل ہوں۔

## غزہ میں امداد فراہم کرنے دی جائے: اقوام متحدہ

اقوام متحدہ (یو این آئی) اقوام متحدہ کے ادارے انروا نے کہا ہے کہ غزہ میں اقوام متحدہ کو امداد فراہم کرنے دیا جائے۔عرب میڈیا کے مطابق پناہ گزینوں کے حوالے سے کام کرنے والے اقوام متحدہ کے ذیلی ادارے انروا نے کہا ہے کہ غزہ کے حصول کے لیے شہید اور زخمی ہونے والے فلسطینیوں کے حوالے سے تحقیقات ہونی چاہیے۔انروا کی جانب سے مزید کہا گیا کہ غزہ ہیومینیٹیرین فاؤنڈیشن کے متحرک ہونے سے قبل اقوام متحدہ کی جانب سے پورے غزہ کی پٹی میں امداد تقسیم کرنے کے لیے 400 سے زائد پوائنٹس چلائے جا رہے تھے، جبکہ اب غزہ ہیومینیٹیرین فاؤنڈیشن صرف 4 میگا سائٹس کے ساتھ کام کر رہی ہے جن میں ایک وسط میں، اور 3 جنوب میں موجود ہیں جبکہ شمال میں کوئی سائٹ موجود نہیں۔انروا کی جانب سے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر کی جانے والی پوسٹ میں کہا گیا ہے کہ امداد کی تقسیم، سب کی پہنچ میں احترام اور حفاظت کے ساتھ ہونی چاہیے۔دوسری جانب آج صبح سے اسرائیلی حملوں میں 73 فلسطینی شہید کیے جا چکے ہیں، جن میں 33 فلسطینی امداد لینے کے غرض سے غزہ ہیومینیٹیرین فاؤنڈیشن کی امدادی سینٹرز کے قریب اسرائیلی قابض افواج کی بلا اشتعال فائرنگ کا نشانہ بنے۔

## اسرائیل نواز یاسر ابوشباب ہتھیار ڈال دے، حماس کا مطالبہ

غزہ (یو این آئی) حماس نے غزہ گینگ کے ایک سرغنہ کو 10 دن کے اندر ہتھیار ڈالنے کا حکم دیا ہے جس پر اسرائیل کے ساتھ تعاون کرنے اور انسانی امداد لوٹنے کا الزام ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ یہ فیصلہ بدھ کے روز ایک انقلابی عدالت ※ کی جانب سے جاری کیا گیا تھا اور اس میں حماس کے اختیار کو مسترد کرنے والے ایک مسلح بدو گینگ کے سربراہ یاسر ابوشباب کو نشانہ بنایا گیا تھا۔خیال کیا جاتا ہے کہ ابوشباب جنوبی غزہ کے علاقے رفح میں ہے جو اس وقت اسرائیلی فوج کے کنٹرول میں ہے۔عدالت نے فلسطینیوں پر زور دیا کہ وہ حماس کی سکیورٹی فورسز کو ان کے ٹھکانے کی اطلاع دیں۔ان کے گروپ نے ہتھیار ڈالنے کے حکم پر عوامی طور پر کوئی ردعمل ظاہر نہیں کیا ہے۔حماس نے ابوشباب پر اقوام متحدہ کے امدادی قافلوں کو لوٹنے کا الزام عائد کیا ہے اور دعویٰ کیا ہے کہ اسے اسرائیل کی حمایت حاصل ہے۔ذرائع کے مطابق اس گروہ نے ایلیٹ جنگجوؤں کو تعینات کیا ہے جن کو ختم کرنے کے احکامات دیے گئے ہیں۔اگرچہ اسرائیل نے حماس کے خلاف غزہ میں بعض گروہوں کی حمایت کا اعتراف کیا ہے، لیکن اس نے یہ واضح نہیں کیا ہے کہ وہ کون سے گروہ ہیں۔

## فلسطین سے تعصب، بی بی سی کے 100 سے زائد ملازمین کا ادارے کی رپورٹنگ پر شدید تحفظات کا اظہار

لندن (یو این آئی) برطانوی نشریاتی ادارے بی بی سی کے اپنے ہی 100 سے زائد ملازمین نے ادارے کی رپورٹنگ پر شدید تحفظات کا اظہار کردیا۔بی بی سی کے اپنے ہی 100 سے زائد ملازمین نے ادارے پر فلسطین کے خلاف ہونے اور اسرائیل کے حق میں تعصب برتنے کا الزام عائد کیا ہے۔بی بی سی کے 100 سے زائد ملازمین کے علاوہ میڈیا انڈسٹری سے وابستہ 300 سے زائد شخصیات نے بھی ادارے کی اعلیٰ قیادت کو خط لکھا ہے۔عرب میڈیا کے مطابق خط میں فلسطین سے تعصب، سنسرشپ اور اسرائیلی حکومت وفوج کی پبلسٹی کرنے کا الزام عائد کیا گیا ہے۔خاص طور پر بی بی سی کی جانب سے 'غزہ: میڈکس انڈر فائر' دستاویزی فلم نشر نہ کرنے کے فیصلے کو تنقید کا نشانہ بنایا گیا ہے اور اسے سیاسی ایجنڈے پر مبنی اقدام قرار دیا گیا ہے۔خط میں کہا گیا ہے کہ بی بی سی کی رپورٹنگ ادارے کے اپنے ادارتی معیارات پر بھی پوری نہیں اترتی، اور ناظرین زمینی حقائق اور کوریج میں نمایاں فرق محسوس کر رہے ہیں۔خط میں مزید کہا گیا کہ فلسطینیوں کے خلاف جنگ میں برطانوی حکومت کی شمولیت، ہتھیاروں کی فروخت اور قانونی پہلوؤں پر بی بی سی نے کوئی سنجیدہ تجزیہ پیش نہیں کیا۔خط پر دستخط کرنے والے تمام ملازمین نے شناخت ظاہر کیے بغیر احتجاج ریکارڈ کرایا ہے جب کہ معروف اداکار خالد عبداللہ اور میریام مارگولیس بھی حمایت کرنے والوں میں شامل ہیں۔

## کویتی خام تیل کی قیمت میں کمی ریکارڈ

کویت سٹی (یو این آئی) کویتی خام تیل کی قیمت میں واضح کمی سامنے آئی ہے اور عالمی مارکیٹ میں برینٹ اور ویسٹ ٹیکساس کے نرخ بھی کم ہوئے ہیں۔امارات نیوز ایجنسی وام کے مطابق کویت پٹرولیم کارپوریشن (کے پی سی) نے بدھ کو بتایا ہے کہ کویتی خام تیل کی قیمت میں 64 سینٹس کی کمی ریکارڈ کی گئی، جس کے بعد فی بیرل قیمت 68.59 امریکی ڈالر پر آ گئی جبکہ پیر کو یہ قیمت 69.23 ڈالر تھی۔رپورٹ کے مطابق منگل کے روز کویتی خام تیل کی فی بیرل قیمت 69.98 امریکی ڈالر ریکارڈ کی گئی، جو کہ پیر کو درج 76.32 ڈالر فی بیرل کی قیمت کے مقابلے میں نمایاں کمی کو ظاہر کرتی ہے۔کویت نیوز ایجنسی (کونا) کی رپورٹ میں جاری کردہ اعداد وشمار کے مطابق عالمی مرکنٹائل منڈیوں میں برینٹ خام تیل کی قیمت 37 سینٹس کی کمی کے بعد 67.11 ڈالر فی بیرل ہو گئی۔اس کے علاوہ ویسٹ ٹیکساس انٹرمیڈیٹ کی قیمت میں 34 سینٹس کا اضافہ ہوا جس کے بعد یہ 65.45 ڈالر فی بیرل پر بند ہوئی۔

## ایران کا انٹرنیشنل ایجنسی سے تعاون ختم کرنا 'ناقابل قبول': امریکہ

واشنگٹن (یو این آئی) امریکہ نے اقوام متحدہ کے جوہری نگراں ادارے کے ساتھ تعاون ختم کرنے کو 'ناقابل قبول' قرار دیتے ہوئے ایران پر تنقید کی ہے۔امریکی محکمہ خارجہ کی ترجمان ٹیمی بروس نے بدھ کو کہا کہ ایران کی جانب سے اقوام متحدہ کے جوہری نگراں ادارے انٹرنیشنل اٹامک انرجی ایجنسی (آئی اے ای اے) کے ساتھ تعاون کی معطلی ناقابل قبول اور افسوسناک ہے۔ترجمان نے کہا کہ ایران کو یورینیم افزودگی کے حوالے سے عالمی ایجنسی سے تعاون کرنا ہوگا امریکہ کے حملے سے پہلے ایران یورینیم کی افزودگی کر رہا تھا۔ پریس کانفرنس میں ان کا مزید کہنا تھا ایران کے پاس جوہری ہتھیار نہیں ہونے چاہئیں، ایران کو مزید تاخیر کے بغیر مکمل تعاون کرنا چاہیے۔دوسری جانب ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی کا کہنا ہے کہ آئی اے ای اے کے ساتھ معاہدے کی معطلی کا بل شوریٰ نگہبان سے منظوری کے بعد ہم پر لازم ہوگیا، ہم اس بل کے پابند ہیں اور اس کے نفاذ میں کوئی شک نہیں۔واضح رہے کہ امریکہ کی جانب سے ایران کی جوہری تنصیبات پر حملے کے بعد ایران نے 25 جون کو ایرانی پارلیمنٹ نے عالمی ایٹمی توانائی ایجنسی کے ساتھ تعاون معطل کرنے کے بل کی منظوری دی تھی۔ایرانی پارلیمنٹ کے بعد ایران کی شوریٰ نگہبان بھی عالمی ایٹمی توانائی ایجنسی (آئی اے ای اے) سے تعاون معطل کی توثیق کرچکی ہے، ایرانی پارلیمنٹ نے یہ بل 223 میں سے 221 اراکین کے ووٹوں سے پاس کیا ہے، ووٹنگ میں ایک ووٹ نیوٹرل پڑا اور مخالفت میں ایک بھی ووٹ نہیں پڑا۔

## امریکہ ویتنام ٹریڈ ڈیل سے متعلق صورتحال کا جائزہ لے رہے ہیں: چین

بیجنگ (یو این آئی) ترجمان چینی وزارتِ تجارت نے کہا ہے کہ امریکہ اور ویتنام کے درمیان ہونے والے تجارتی معاہدے سے متعلق صورتحال کا جائزہ لے رہے ہیں۔غیر ملکی میڈیا کے مطابق ترجمان چینی وزارتِ تجارت کا امریکہ ویتنام ٹریڈ ڈیل پر ردعمل دیتے ہوئے کہنا ہے کہ اپنے جائز حقوق اور مفادات کے تحفظ کے لیے ہر ممکن اقدام کریں گے۔امریکی صدر ٹرمپ نے ویتنام کے ساتھ ٹریڈ ڈیل کا اعلان کیا ہے۔امریکہ ویتنام سے آنے والی مصنوعات پر 20 فیصد ٹیکس عائد کرے گا۔تیسرے ممالک سے ویتنام کے ذریعے آنے والی اشیا پر 40 فیصد ڈیوٹی لگے گی۔

## عالمی ادارہ صحت کا میٹھے مشروبات اور تمباکو کی قیمتیں 50 فیصد بڑھانے کا مطالبہ

جنیوا (یو این آئی) عالمی ادارہ صحت نے میٹھے مشروبات، شراب اور تمباکو کی قیمتوں میں اگلے 10 سالوں میں 50 فیصد تک ٹیکس بڑھانے کا مطالبہ کیا ہے۔اس اقدام کا مقصد ان تمام مصنوعات کی کھپت کو کم کرنا اور اضافی عوامی آمدنی پیدا کرنا ہے۔سیویل میں اقوام متحدہ کی مالیات برائے ترقیاتی کانفرنس میں پیش کی گئی یہ تجویز عالمی ادارہ صحت کے '3 بائی 35' اقدام کا حصہ ہے۔ادارے نے تخمینہ لگایا ہے کہ کولمبیا اور جنوبی افریقہ جیسے ممالک سے حاصل کے گئے ڈیٹا کی بنیاد پر یہ منصوبہ 2035ء تک 1 ٹریلین ڈالرز جمع کرسکتا ہے۔عالمی ادارہ صحت کی جانب سے پہلی بار میٹھے مشروبات، شراب اور تمباکو کے لیے ایک متفقہ قیمت کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔اس حوالے سے ادارے کے ڈائریکٹر جنرل ڈاکٹر ٹیڈروس اذانوم گیبریئس کا کہنا کہ ٹیکس حکومتوں کو موجودہ مالیاتی دباؤ سے نمٹنے اور صحت کے نظام کو بہتر بنانے میں مدد دے سکتے ہیں۔عالمی ادارہ صحت کے اسسٹنٹ ڈائریکٹر جنرل جیریمی فارار نے ہیلتھ ٹیکس کو صحت کے نظام کو بہتر بنانے کے لیے دستیاب سب سے مؤثر ٹولز میں سے ایک قرار دیا۔

## امریکہ میں آسمان پر روشنی بکھیرتا شہابی پتھر گھر کی چھت پر آ گرا

واشنگٹن (یو این آئی) امریکہ میں ایک شہابی پتھر جس نے آسمان کو روشن کردیا، ایک گھر کی چھت پر گر گیا، جس کی ویڈیو بھی منظر عام پر آ گئی ہے۔غیر ملکی ذرائع ابلاغ کے مطابق امریکہ میں ایک شہابی پتھر آگ کا گولہ جو ریاست جارجیا کے مقامی گھر کی چھت پر آ کر گر گیا۔رپورٹس کے مطابق شہابی پتھر کو دوپہر کے فوراً بعد جارجیا کے آسمان پر دیکھا گیا تھا اور ٹینیسی اور کیرولینا تک دور سے دیکھنے کی اطلاع ملی تھی۔رپورٹس کے مطابق امریکن میٹیور سوسائٹی نے پتھر کو بولائیڈ کے طور پر بیان کیا، خاص طور پر ایک بڑا اور روشن شہابی پتھر جو گرتے ہی ایک سونک بوم پیدا کرتا ہے۔ہینری کاؤنٹی ایمرجنسی مینجمنٹ نے اطلاع دی کہ پتھر کا ایک ٹکڑا میک ڈونوف میں ایک گھر سے ٹکرایا، جس سے چھت میں سوراخ ہوگیا، تاہم اس واقعے میں کسی جانی نقصان یا زخمی ہونے کی اطلاع سامنے نہیں آئی۔واضح رہے کہ شہاب ثاقب دراصل عربی زبان کا لفظ ہے، شہاب کا معنیٰ ہے دہکتا ہوا شعلہ اور ثاقب کا معنیٰ سوراخ کرنے والا ہے۔ماہرین کا کہنا ہے کہ لاکھوں شہاب ثاقب زمین کے گرد چکر لگاتے ہیں جنہیں عرف عام میں [؟] شوٹنگ اسٹارز [؟] کہا جاتا ہے۔

